# 18-10-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ادارہ جات مقامی میں بی سی طبقہ کو 42 فیصد کوٹہ کا مطالبہ کرتے ہوئے ریاست گیر بند کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کے بغیر پرامن طور پراختتام کو پہنچا۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلیٰ عہدیداروں کوانتباہ دیا کہ سرکاری اسکیموں اورترقیاتی پروگراموں پر عمل درآمد میں لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی۔

۳۔ مرکزی وزیرفینانس نرملا سیتارمن نے کہاہے کہ جی ایس ٹی 2.0 اصلاحات نے ملک کی معیشت کو زبردست فروغ دیاہے جس کے نتیجہ میں اہم شعبوں میں فروخت ریکارڈ رہی ہے۔

۴۔مرکزی وزیرکشن ریڈی نے تلنگانہ کی ترقی اورریل پروجیکٹس کی بروقت تکمیل کیلئے تائید کےمرکز کے عہد کااعادہ کیا۔

BC BILL:

بائیں بازو کی جماعتوں کے قائدین بشمول سی پی آئی کے قومی رہنما ڈاکٹر کے نارائنا اورسی پی آئی کے ایم ایل سی این ستیم نے بی جے پی کی مرکزی حکومت پر تلنگانہ بی سی ریزرویشن بل کوروکے رکھنے کا الزام لگاتے ہوئے شدید تنقید کی۔ یہ مظاہرہ آج مہاتما گاندھی بس اسٹیشن (ایم جی بی ایس) پرریاست گیر بند کے حصہ کے طورپر کیا گیا۔سی پی آئی کے ریاستی سکریٹری نے پسماندہ طبقات (بی سی) کے لئے 42 فیصد ریزرویشن کے نفاذ کا مطالبہ کیا۔احتجاج میں کئی اہم قائدین نے شرکت کی،جن میں رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راؤ،سی پی ایم کے ریاستی سکریٹری جان ویسلی ،تلنگانہ جنا سمیتی کے صدر پروفیسر کودنڈارام اورسی پی آئی نیوڈیموکریسی کے قائد گووردھن شامل تھے۔سی پی آئی ریاستی سکریٹری کے سامبا شیوا راؤ نے کہا کہ بند کی کامیابی بی سی قائدینکی متحدہ کوششوں کانتیجہ ہے۔

GST-PC

مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ جی ایس ٹی 2.0 اصلاحات نے ملک کی معیشت کو زبردست فروغ دیا ہے، جس کے نتیجہ میں فیسٹیول سیزن کے دوران الیکٹرانکس، آٹوموبائل اور صارفین کی اشیاء سمیت کلیدی شعبوں میں ریکارڈ فروخت دیکھنے میں آئی۔ وہ آج نئی دہلی میں جی ایس ٹی بچت اتسو کے سلسلہ میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی تھیں جس میں وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو اور وزیر صنعت پیوش گوئل بھی موجود تھے۔ وزیر فینانس نے کہا کہ جی ایس ٹی کی شرحوں میں کمی کا فائدہ عام آدمی تک پہنچ رہا ہے۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کہا کہ اس سال کی نوراتری کے دوران ریکارڈ فروخت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی ایس ٹی اصلاحات کے باعث اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں کمی آئی ہے۔ Sound Byte

WEATHER

تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ پانچ دنوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش اور بجلی گرنے کے امکانات ہیں۔ محکمہ موسمیات نے آج اپنی روزانہ موسمی رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے ایک یا دو مقامات پر بارش ہوئی ہے۔

BRAHMOS:

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج لکھنؤ میں واقع برہموس ایرو اسپیس یونٹ سے تیار کی گئی پہلی کھیپ کو روانہ کیا۔ اس موقع پر وزیر دفاع نے کہا کہ برہموس صرف ایک میزائل نہیں بلکہ ملک کی بڑھتی ہوئی مقامی دفاعی صلاحیتوں کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ برہموس میزائل میں روایتی وار ہیڈ، جدید گائیڈڈ سسٹم موجود ہے اور یہ طویل فاصلے تک آواز سے دوگنا رفتار سے ہدف کو نشانہ بنا سکتا ہے۔

BANDH:

تلنگانہ میں آج پسماندہ طبقات (بی سی) کو مقامی اداروں کے انتخابات میں 42 فیصد ریزرویشن دینے کے مطالبے پر ریاست گیر بند منایا گیا۔ ریاست بھر میں شام تک یہ بند کامیاب رہا اور کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔ اس احتجاج کو تمام بڑی سیاسی جماعتوں کی حمایت حاصل تھی جن میں حکمراں کانگریس پارٹی بھی شامل ہے۔ بند کے باعث آر ٹی سی شدید متاثر ہوئی کیونکہ مظاہرین نے مختلف اضلاع میں ڈپو بلاک کر دئے تاہم ضروری خدمات جیسے میڈیکل شاپس اور ایمبولینس گاڑیوں کو بند سے مستثنیٰ قرار دیا گیا۔ حکمراں کانگریس، اپوزیشن بی آر ایس، بی جے پی، تلنگانہ جاگروتی اور دیگر جماعتوں نے بند کی مکمل تائید کی۔ تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے وزراء، ارکان اسمبلی اور دیگر قائدین کے ساتھ احتجاج میں شرکت کی۔ بی آر ایس کے قائد اور سابق وزیر سرینواس گوڑ نے مختلف ڈپوس پر مظاہروں میں حصہ لیا اور کانگریس و بی جے پی دونوں پر بی سی ریزرویشن پر قانون سازی میں ناکامی کا الزام عائد کیا۔ بی جے پی قائد ای راجندر نے بھی سکندرآباد کے جوبلی بس اسٹیشن پر مظاہرے میں حصہ لیتے ہوئے بند کی تائید کی۔ حیدرآباد میں ایم جی بی ایس، رتھفائل اور عنبرپیٹ جیسے اہم آر ٹی سی ڈپوس پر مظاہرے دیکھے گئے اور تمام بسیں وہیں کھڑی رہیں۔ شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ صبح سے ہی کوئی بسیں نہیں چلیں۔ ریاست کے مختلف اضلاع جیسے محبوبنگر، کریم نگر، سدی پیٹ، کھمم، کوتہ گوڑم، سنگاریڈی، میدک، نلگنڈہ، عادل آباد وغیرہ میں ٹرانسپورٹ خدمات بند رہیں۔ سڑکیں سنسان نظر آئیں، زیادہ تر دکانیں بند رہیں، سوائے ان کے جو بنیادی ضروریات کی اشیاء فراہم کر رہی تھیں۔ مختلف جماعتوں کے قائدین نے اعلان کیا کہ جب تک پسماندہ طبقات کو انصاف نہیں ملتا، احتجاج جاری رہے گا۔

JITENDRA:

مرکزی وزیر سائنس وٹکنالوجی ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اعلان کیا ہے کہ ہندوستان نے اپنی پہلی دیسی اینٹی بایوٹک Nafithromycin تیار کرلی ہے۔آج نئی دہلی میں ایک طبی ورکشاپ کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ یہ دوا خاص طور پر ان سانس کی بیماریوں کے خلاف مؤثر ہے جو عام اینٹی بایوٹکس کے خلاف مزاحمت پیدا کر چکی ہیں۔ یہ دوا خاص طور پر کینسر کے مریضوں اور ناقص کنٹرول والے ذیابیطس کے مریضوں کے لئیمفید ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان کوایک خود کفیل سائنسی اور تحقیقاتی نظام تیار کرنا ہوگا تا کہ طویل مدتی ترقی ممکن ہو سکے۔ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بتایا کہ اے آئی پر مبنی موبائل ہائبرڈ کلینکس دیہی و دور دراز علاقوں میں معیاری طبی سہولیات فراہم کررہے ہیں۔

KISHAN REDDY:

مرکزی وزیر کوئلہ جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ ریلوے پراجکٹس کی تیز رفتار تکمیل نہ صرف قومی سطح پر بہتر کنکٹیوٹی کے لئے ضروری ہے بلکہ یہ علاقائی ترقی کو بھی فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وہ آج سکندرآباد میں واقع ریل نیلائم میں مختلف ریلوے ترقیاتی پراجکٹس کا جائزہ لینے کے بعد خطاب کررہے تھے۔اس اجلاس میں ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر سنجے کمار سریواستو، ایڈیشنل جنرل منیجر ستیا پرکاش، مختلف شعبہ جات کے سربراہان، سکندرآباد اور حیدرآباد ڈویژنس کے ڈویژنل ریلوے منیجرس اور دیگر سینئر حکام شریک تھے۔کشن ریڈی نے تلنگانہ میں ایس سی آر زون کے تحت جاری پراجکٹس، آراوبیز، آریوبیز اور دیگر ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ جنرل منیجر سریواستو نے جاری پراجکٹس، زیر تکمیل سروے اور نئی ٹرین سروس سے متعلق پاور پوائنٹ پریزنٹیشن پیش کیا۔مرکزی وزیر نے کہا کہ ساؤتھ سنٹرل ریلوے، خاص طور پر تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں، جدید سہولیات کی فراہمی، ریلوے اسٹیشنوں کے آرکیٹیکچرل ڈیزائن میں بہتری اور ٹرین خدمات کے معیار کو بلند کرنے میں کلیدی کردار ادا کررہا ہے۔

CM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج اعلیٰ عہدیداروں کوانتباہ دیا کہ سرکاری اسکیموں اورترقیاتی پروگراموں پر عمل درآمد میں لاپروائی برداشت نہیں کی جائے گی۔اپنی سرکاری رہائش گاہ پر منعقدہ جائزہ اجلاس میں چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ،سی ایم او سکریٹریز اور مختلف محکموں کے صدور شریک تھے، وزیراعلیٰ نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت کے دوسال مکمل ہونے کے باوجود کچھ عہدیدار اپنی پرانی کام کرنے کی روش ترک نہیں کرسکے۔ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ تمام محکموں میں باہمی ہم آہنگی کے ساتھ کام کریں، یکطرفہ فیصلوں سے گریز کریں اوراس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر فیصلہ عوامی مفاد میں ہواور حکومت کی شبیہ متاثر نہ ہو۔

KILL:

نظام آباد ٹاؤن میں ایک 42 سالہ پولیس کانسٹیبل پرمود کو گزشتہ رات ایک عادی مجرم نے چاقو مارکر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق جب پرمود اس مجرم کوموٹر سائیکل پر پولیس اسٹیشن لے جارہا تھا تو ملزم نے سینہ پر چاقو سے حملہ کر دیا اور بعد میں فرار ہوگیا۔ پرمود کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے کانسٹیبل کی موت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے نظام آباد پولیس کمشنر سائی چیتنیا کو ہدایت دی ہے کہ ملزم کی گرفتاری کے لئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔ پولیس کے مطابق ملزم کا تعلق طلائی چین چھیننے اور چوری کی کئی وارداتوں سے ہے۔

○○